

بہشتی پانند سروتی اوپی کی بہترین تصنیف

رگوید آدی بھاشیہ بھومکا

کا مستند اردو ترجمہ

[illegible]

سکرٹری [illegible]

ما تمہید تفسیر وید وغیرہ

مترجمہ

لکھشمن آریوپدیشک

ملنے کا پتہ

آریہ ساہتیہ پستکالیہ دہلی

آریہ پستکالیہ سرسوتی آشرم لاہور



بار اوّل [illegible] قیمت [illegible]

بہرہ ور ہو سکیں -

(یجروید - ادھیائے ۳۴ - منتر ۴۲)

यस्मिन्नृचः साम यजूंषि यस्मिन् प्रतिष्ठिता रथनाभावि-
वाराः। यस्मिंश्चित्तं सर्वमोतं प्रजानां तन्मे मनः
शिव संकल्पमस्तु ॥ ५ ॥

اے خدا - اے گنجینۂ رحمت! جس دل کے اندر رگ، سام، اور یجو نقش ہوتے ہیں - جس میں نجات کا صحیح علم منکشف ہوتا ہے - جس میں آپکی مخلوقات کے قواعد حافظ اس طرح جڑے ہوئے ہیں - جس طرح موتی مالا میں یا آرے رتھ کے پہیے کی ناف میں - وہ میرا دل آپ کی مہربانی سے نیک ارادوں والا یعنی نیکی کا طالب اور سچے معنی کا مظہر ہو - تاکہ وید کے رموز حقیقی کا انکشاف ہو -

(یجروید - ادھیائے ۳۴ - منتر ۵)

اے جملہ علوم اور معانی کے جاننے والے! اپنا فضل کرو - تاکہ حقیقی معنے سے پُر اس تفسیر وید کو پورا کرنے میں ہمارے راستے میں کوئی رکاوٹ نہ رہے - ہم آپ کے نام - اور وید کے حقیقی مطالب کی اشاعت کر سکیں - اُس کے مطالعہ سے ہم سب میں نہایت اعلےٰ اوصاف پیدا ہوں - پربھو! اپنے لطف و کرم سے ہماری عرض کو جلد از جلد قبول فرمائیے - تاکہ یہ رفاہ عام کا کام کامیاب ہو -

